لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۱ ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تعطیلات مدارس متفصلات	۱ و ۲
۲	تبادلہ جات اہلکاران تعمیرات	۲ و ۳
۳	بابت تجویز رعایت تعطیلین مدرسہ عالیہ منظور حصول لازمت مدارس ریاست۔	۳
۴	تقرر محمد رضا خان بہ مڈل اسکول	۴
۵	رخصت منشی رحیم جی۔	〃
۶	اضافہ صابر علی خان	〃
۷	اعلان کتب جدید الطبع	〃
۸	نقشہ بارش و ذخیرہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ اگست سنہ ۱۹۲۵ء

مدارس متفصلات کیواسطے تعطیلین بموجب نقشہ منسلکہ منظور کیجاتی ہیں کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

بہی

[illegible]

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

دفاتر و کچہریات کے لئے کل تعطیلات منظور شدہ اجلاس ہمایون تقریباً (۸۴) ایام کی ہین۔ مدارس مفصلات مین علاوہ معمولی تعطیلات کے بعد امتحان سالانہ بھی تعطیل ہونا ضروری ہے۔ اور ایام فصل مین بھی تعطیل بیحد ضروری ہے۔ کہ اکثر لڑکے کاشتکارون کے مدارس مفصلات مین پڑھتے ہین بوجہ کاروبار فصل کے خود ہی غیر حاضر ہو جاتے ہین اگر معمولی تعطیلات منظور شدہ پر ایام فصلین کے اور امتحان کی تعطیلات اضافہ کیجاتین تو خواندگی کے ایام بہت کم رہجاتے ہین۔ اسلئے تر تیوانے تعطیلات معمولی مین ترمیم کرکے کل تعطیلات مدارس مفصلات کے لئے ایک نقشہ مرتب کیا ہے جو منسلک عرضداشت ہذا باُمید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط صاحب ... سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نام تعطیل	تعداد ایام	نام تعطیل	تعداد ایام
عشرۂ محرم الحرام	۱۲	دسہرہ جیٹھ	۱
چہلم	۱	بسنت	۱
شب برات	۱	ہولی	۳
شہادت جناب امیر علیہ السلام	۳	درگا پوجا	۱
.	۲۹	رام نومی	۱
.		سلونو	۱
.		دسہرہ	۲
.		دیوالی	۳
.		گنگا اشنان	۱
.		چاند گرہن	۱
			۱۵
کل تعطیلات —		۵۶	
تعطیل فصل خریف —		۲۱	
تعطیل فصل ربیع —		۲۱	
تعطیل بعد امتحان سالانہ —		۳۰	
کل		۱۲۸ یوم	

نام تعطیل	تعداد ایام	نام تعطیل	تعداد ایام
سالگرہ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	۵	یوم حج	۱
تہنیت تعطیلات حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	۱	عید الضحیٰ	۳
بموجب حکم اجلاس ہمایون مورخہ ۲ نومبر ...	۱	عید الفطر	۳
سالگرہ صاحبزادہ سید مرتضیٰ علی خان صاحب بہادر	۱	عید غدیر	۱
سالگرہ ملک معظم	۱	ولادت جناب امیر علیہ السلام	۱
نوروز	۱	ولادت جناب امام حسین علیہ السلام	۱
بڑا دن	۱	ولادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۱
وکٹوریا ڈے	۱	بارہ وفات	۱
	۱۲		

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تبادلہ جات

۴ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تغیرات دربارہ تبادلہ ملازمان صیغہ تغیرات منسلک نقشہ از یکم اکتوبر سنہ حال۔

حکم

تبادلہ ملازمان صیغہ تغیرات بموجب فرد منسلک منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہون۔

بحضور ...

دستخط صاحب ... سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو — ۱۰ ستمبر ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

فہرست ملازمان محکمہ تعمیرات ریاست رامپور جنکو انتظاماً تبدیل کیا جاتا ہے

نمبر شمار	نام	عہدہ	جائے تعیناتی حال	جہان تبدیل کیا گیا	کیفیت
۱	مرزا حمید الدین	سب ڈویژنل افسر	منشی سب ڈویژن	دفتر تعمیرات	۔
۲	بابو پربھو لال	"	سب ڈویژن ...	خاص باغ	۔
۳	بابو عبد الملک	"	دفتر تعمیرات	سب ڈویژن ...	۔
۴	بابو رتن لال	"	خاص باغ	منشی سب ڈویژن	۔
۵	منشی عبد الصمد	سب اوورسیر	تحصیل ...	خاص باغ	۔
۶	پنڈت اجودھیا پرشاد	"	تحصیل ملک	شہر	۔
۷	منشی صغیر احمد	"	شہر	تحصیل ملک	۔
۸	منشی شوکت علی	"	خاص باغ	تحصیل ...	۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

از بمبئی

قواعد مجریہ ۱۲ ستمبر ۱۹۲۵ء مین یہ شرط کی گئی ہے کہ ریاست کے اُردو مدارس مین مڈل پاس یا پرائمری پاس کو مدرس مقرر کیا جائیگا۔ باشندگان ریاست و متعلمین مدرسہ عالیہ کی رعایت مد نظر رکھکر یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایسے اشخاص کو جو باشندۂ ریاست ہون اور اُنھون نے مدرسہ عالیہ مین پڑھکر امتحانات فارسی پنجاب یونیورسٹی مین سے کوئی امتحان پاس کیا ہو مدارس مذکور مین ملازمت کی سہولت بہم پہنچائی جائے۔ لہذا تجویز کیجاتی ہے کہ اشخاص مذکورۃ الصدر مین سے۔

(۱) جو شخص پرائمری کورس کے حساب اور جغرافیہ مین پاس کریگا وہ مدرسی مذکور کے لئے پرائمری پاس سمجھا جائیگا۔ اور

(۲) جو شخص مڈل کورس کے حساب۔ جغرافیہ اور تاریخ مین پاس کریگا وہ مدرسی مذکور کی ملازمت کے لئے مڈل پاس سمجھا جائیگا۔

ایسے اشخاص بذریعہ طور پر امتحان سالانہ مڈل اسکول مین شریک کئے جا سکیں گے بشرطیکہ شروع ماہ فروری مین درخواست شرکت امتحان پیش کرین۔

حکم ہوا کہ

باجرائے احکام پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ و انسپکٹر صاحب مدارس کو اطلاع دیجائے اور دو مرتبہ گزٹ مین اس روبکار کی اشاعت کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

متعلق سررشتہ تعلیم دربارۂ تقرر محمد ضیا خان بہ مڈل اسکول انگلش ٹیچری پرابتدا تا برائے شش ماہ بہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار از یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء

حکم

محمد ضیا خان کا تقرر یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے اُردو مڈل اسکول مین انگلش ٹیچری پر ابتدا تا برائے چھ ماہ بہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار کیا گیا۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب ڈسٹرکٹ جج دربارہ منظوری رخصت دو ہفتہ منشی محمد حسین منصرم جی بوجہ علالت و انجام دہی کام بزمانہ رخصت نامبردہ منصرم نقول۔

حکم

رخصت پندرہ یوم منصرم جی حسب رائے صاحب جج بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۳ ستمبر ۱۹۲۵ء

حکم

صابر علی خان محرر رجسٹری کا دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اِس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہی۔

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اِسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اِسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہی

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اِسمین اضافہ کیا گیا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک۔ چہ/ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار من ابتداء ۹ر ستمبر لغایت ۱۵ر ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۹ر ستمبر ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	۳	۱۹۴	۳	۵۰۲	۴۰	۴۲۵	۰	۵۰۵	۳	۵۰۲	۳	۵۶
۱۰ر 〃 پنجشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۲	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۱ر 〃 جمعہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۲ر 〃 شنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۳ر 〃 یکشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۴ر 〃 دوشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۵ر 〃 سہ شنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶

نقشہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ سوم من ابتداء ۱۴ر لغایت ۲۰ر ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ ۱۱ ر	۰	۰	۱۲ ر	۰	۱۲ ر	
نخود خالص	۵ سیر			۵ سیر		۹ ر	
نخود کسہ ایمر	[illegible]			۹ ر		۹ ر	
[illegible]	[illegible]					۹ ر	
[illegible]	۷ سیر			۵ سیر		۸ ر	
[illegible]	۹ ر			۹ ر		۶ ر	
مکا	۸ ر			۹ ر		۵ ر	
[illegible]	۸ ر			۹ ر		۹ ر	
[illegible]	[illegible]			۹ ر		۱۱ ر	
عدس	[illegible]			۸ ر		۸ ر	
ارہر	۹ ر			۹ ر		۸ ر	
برنج	[illegible]			۱۰ ر		۸ ر	
روغن زرد	[illegible]					۱۲ ر	
روغن سیاہ	[illegible]			۰ ر		[illegible]	
روغن سفید	۱ سیر			۱ سیر		۱ سیر	
نمک سانبھر	۱۲ ر			۲ سیر		۱ سیر	
نمک لاہوری	۶ ر			۱۰ ر		۱۱ ر	
قند سیاہ	۳ ر			۵ ر		۷ ر	
باجرہ	۰			[illegible]		۴ ر	
				۰		۰	